© rasailojaraid.com



انسان پایا وہ چلے گئے مگر پچھلوں کے لیے ایک نمونہ چھوڑ گئے۔ مؤلف نے اس کتاب میں مخدومی خاندان کے بزرگوں کے حالات وواقعات محفوظ کردیے ہیں۔ کتاب کو بزرگوں کے مزارات اور آثار و تبرکات کی تصاویر سے بھی مزین کیا گیا ہے۔

**کتاب: گنبدِ خضریٰ کے سایہ میں　　مصنف: مولانا سمیع الحق　　ضخامت: 256 صفحات، قیمت: درج نہیں**

**ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ۔ خیبر پختون خواہ**

ترے کوچے میں ہم کل اس طرح سے جابجا ٹھہرے
چلے، چل کر تھمے، تھم کر بڑھے، بڑھ کر ذرا ٹھہرے

زیرِ نظر کتاب شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق مدظلہ کے سفرِ حرمین شریفین کی علمی اور تاریخی ڈائری، دیارِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے والہانہ سفر کی ایک دلچسپ اور معلوماتی روئیداد ہے جس میں سفرِ حجاز خاص طور پر روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری کی کیفیات، وہاں کے مناظرِ فطرت، جمالِ قدرت کی عکاسی اور اہلِ مدینہ کی سادہ و دلکش زندگی کے مشاہدات بڑے خوبصورت اور دلنشیں پیرائے میں بیان کیے گئے ہیں۔

مصنف نے اپنی خوش بیانی اور بالغ نظری سے اپنے مشاہدے اور عشق ووارفتگی کے جس عالم میں اپنے حالات بیان کیے ہیں براہِ راست قاری کے دل میں اترتے چلے جاتے ہیں۔ الغرض کتاب سفرِ حجاز پر مشتمل حالات وواقعات کا ایک دل چسپ مرقع ہے۔

- **رنگ کلام　　شاعر: سید کاشف گیلانی　　ضخامت: 320 صفحات　　قیمت: 250 روپے**

**ناشر: نورٌ علیٰ علیٰ نور اکیڈمی۔ العریش B-566 حضرت علی روڈ۔ امین ٹاؤن، کینال روڈ فیصل آباد**

دیوانہ نظر آتا ہے بے شک تمہیں کاشف　　دیوانہ نہ اسے سمجھو، دیوانہ نہیں ہے

سید کاشف گیلانی کے مجموعہ کلام ''رنگ کلام'' میں یہ بات بدرجۂ اتم موجود ہے کہ قاری پڑھنے میں لطف محسوس کرتا ہے۔ کسی جگہ بھی اکتاہٹ یا بوریت کا احساس نہیں ہوتا۔ وہ قادرالکلام شاعر ہیں۔ تشبیہ اور استعارے کا استعمال بہت موزوں اور برمحل ہے۔ الفاظ کا چناؤ، اشعار کی ساخت اور موضوعات کا انتخاب اس بات کی دلالت کرتا ہے کہ شاعر نے محنت، کاوش اور کوشش کی وادیوں کی جی بھر کے سیر کی ہے۔ زبان و بیان پر انہیں بخوبی دسترس حاصل ہے۔ ہر شعر اور مصرعے کے غائر مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس موضوع کے بانکپن، نازک اور حساس ہونے کے رمز آشنا ہیں۔ کتاب خوبصورت چہار رنگا ٹائٹل کے ساتھ جاذبِ نظر ہے۔ کلام اس سے بھی زیادہ خوبصورت ہے۔

- **مکاتیب (شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف خان پلندری رحمۃ اللہ علیہ)　　مرتب: مولانا محمد اسحٰق خان**

**ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ۔ خیبر پختون خواہ　　ضخامت: 256 صفحات، قیمت: 300**

اس کتاب میں مرتب نے کوئی ایک سو پندرہ خطوط، اپنے محسن و مربی شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف پلندری رحمہ اللہ کے شامل کیے ہیں۔ مرتب کی اپنی تحریر کے مطابق:



© rasailojaraid.com